F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 24/01/2017

’اردو فکشن کے سو سال‘ پر پٹنہ میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کا سمینار

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی ’اردو فکشن کے سو سال‘ کے عنوان سے بہار اردو اکادمی، پٹنہ بہار میں دو روزہ قومی سمینار کا انعقاد کررہی ہے۔ 28 اور 29 جنوری 2017 کو منعقد ہونے والے اس سمینار میں ہندوستان کے نامور قلم کاروں اور ادیبوں کی شرکت متوقع ہے۔ بہار میں پہلی بار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے زیر اہتمام بہار اردو اکادمی پٹنہ کے اشتراک سے اردو فکشن صدی کے تعلق سے ایک علمی سمینار کا انعقاد کیا جارہا ہے جس کا افتتاح عزت مآب رام ناتھ کووند، گورنر بہار کریں گے اور وزیر مالیات حکومتِ بہار مسٹر عبدالباری صدیقی اس تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ ڈاکٹر عبدالغفور وزیر اقلیتی فلاح حکومت بہار اس کی صدارت فرمائیں گے۔ مہمانِ اعزازی کے طور پر جناب عامر سبحانی پرنسپل سکریٹری ہوم و اقلیتی فلاح حکومت بہار شامل ہوں گے۔ سمینار میں پروفیسر قدوس جاوید سابق صدر شعبۂ اردو کشمیر یونیورسٹی، سری نگر کلیدی خطبہ دیں گے اور قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم تعارفی کلمات پیش کریں گے۔ اس دو روزہ قومی سمینار میں پروفیسر ابوالکلام قاسمی، پروفیسر اعجاز علی ارشد، سید محمد اشرف، پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین، انجم عثمانی، صفدر امام قادری، معصوم کاظمی، پروفیسر قمر جہاں، ترنم ریاض، ذکیہ مشہدی، نگار عظیم، انجم قدوائی، غزال ضیغم، غزالہ قمر اعجاز، صادقہ نواب سحر، پروفیسر مہ جبیں غزال، تسنیم کوثر، عبدالصمد، سلام بن رزاق، اسرار گاندھی، قاسم خورشید، کیول دھیر، صغیر رحمانی، اسلم جمشید پوری، مشتاق احمد وانی، شفیع جاوید، شفیع مشہدی، شوکت حیات، خورشید حیات، حسین الحق، انور پاشا، غضنفر، پروفیسر مولیٰ بخش، مشتاق صدف، حقانی القاسمی کے علاوہ دیگر ادبی شخصیات بھی شریک ہوں گی۔

(رابطہ عامہ سیل)